احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کیلئے

جمعہ 4 جنوری 2008ء

روزنامہ

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 C.P.L 29-FD

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعہ 4 جنوری 2008ء 24 ذی الحج 1428 ہجری 4 صلح 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 4

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

سوال: روحانی زندگی کس طرح مل سکتی ہے؟

جواب: ''خدا کے فضل سے''۔

سوال: ہمیں کچھ کہنا چاہئے کہ روحانی زندگی ہم کو مل جاوے؟

جواب: ہاں۔ دعا کی بہت بڑی ضرورت ہے اور اس کے ساتھ ہی نیک صحبت میں رہنا چاہئے۔ سب تعصبوں کو چھوڑ کر گویا دنیا سے الگ ہو جاوے۔ جیسے جہاں طاعون پڑی ہوئی ہو اور کوئی شخص وہاں سے الگ نہیں ہوتا ہے تو وہ خطرہ کی حالت میں ہے۔ اسی طرح جو شخص اپنی حالت کو بدل نہیں ڈالتا اور اپنی زمین میں تبدیلی نہیں کرتا اور الگ ہو کر نہیں سوچتا کہ کس طرح پاک زندگی پاؤں۔ اور خدا سے دعا نہیں مانگتا وہ خطرہ کی حالت میں ہے۔ دنیا میں کوئی نبی نہیں آیا' جس نے دعا کی تعلیم نہیں دی۔ یہ دعا ایک ایسی شے ہے۔ جو عبودیت اور ربوبیت میں ایک رشتہ پیدا کرتی ہے۔ اس راہ میں قدم رکھنا بھی مشکل ہے۔ لیکن جو قدم رکھتا ہے پھر دعا ایک ایسا ذریعہ ہے کہ ان مشکلات کو آسان اور سہل کر دیتا ہے۔

دعا کا ایک ایسا باریک مضمون ہے کہ اس کا ادا کرنا بھی بہت مشکل ہے۔ جب تک انسان خود دعا اور اس کی کیفیتوں کا تجربہ کار نہ ہو' وہ اس کو بیان نہیں کر سکتا۔ غرض جب انسان خدا تعالیٰ سے متواتر دعائیں مانگتا ہے' تو وہ اور ہی انسان ہو جاتا ہے۔ اس کی روحانی کدورتیں دور ہو کر اس کو ایک قسم کی۔ راحت اور سرور ملتا ہے اور ہر قسم کے تعصب اور ریاکاری سے الگ ہو کر وہ تمام مشکلات کو جو اس کی راہ میں پیدا ہوں برداشت کر لیتا ہے۔ خدا کے لئے ان سختیوں کو جو دوسرے برداشت نہیں کرتے اور نہیں کر سکتے۔ صرف اس لئے کہ خدا تعالیٰ راضی ہو جاوے برداشت کرتا ہے۔ تب خدا تعالیٰ جو رحمٰن رحیم خدا ہے اور سراسر رحمت ہے' اس پر نظر کرتا ہے اور اس کی ساری کلفتوں اور کدورتوں کو سرور میں بدل دیتا ہے۔

زبان سے دعویٰ کرنا کہ میں نجات پا گیا ہوں یا خدا تعالیٰ سے قوی رشتہ پیدا ہو گیا ہے' آسان ہے۔ لیکن خدا تعالیٰ دیکھتا ہے کہ وہ کہاں تک ان تمام باتوں سے الگ ہو گیا ہے۔ جن سے الگ ہونا ضروری ہے۔ یہ سچی بات ہے کہ جو ڈھونڈتا ہے وہ پالیتا ہے۔ سچے دل سے قدم رکھنے والے کامیاب ہو جاتے ہیں اور منزل مقصود تک پہنچ جاتے ہیں۔

(ملفوظات جلد اول ص 492)

ایمان کی تکمیل

حضرت ابوامامہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ جو اللہ کیلئے محبت کرتا ہے اور عداوت بھی صرف اللہ ہی کیلئے کرتا ہے اور اللہ کو دیتا ہے اور اللہ ہی کیلئے روکتا ہے تو اس نے اپنا ایمان مکمل کیا۔

(سنن ابی داؤد کتاب السنة باب الدلیل و علی زیادة الایمان حدیث نمبر:4061)

وقف عارضی میں شمولیت

حضرت خلیفة المسیح الثالث وقف عارضی میں شمولیت کے بارے میں فرماتے ہیں۔

''ہر احمدی کو چاہئے کہ وہ اپنے نفس کو بھی اور اپنے بھائی کو بھی یہ تلقین کرے کہ وہ وقف عارضی میں شامل ہو۔'' (روزنامہ الفضل 27/اگست 1969ء)

بیوت الحمد منصوبہ میں مالی قربانی

بیوت الحمد منصوبہ کے تحت بیوگان اور مستحقین کو حسب ضرورت رہائش کی سہولت فراہم کی جاتی ہے۔ ہر قسم کی سہولیات سے آراستہ بیوت الحمد کالونی میں 100 کوارٹرز تعمیر ہو چکے ہیں۔ اسی طرح ساڑھے پانچ صد سے زائد احباب کو ان کے اپنے اپنے گھروں میں جزوی توسیع کیلئے لاکھوں روپے کی امداد دی جا چکی ہے اور یہ سلسلہ جاری ہے۔ احباب جماعت اس بابرکت تحریک میں زیادہ سے زیادہ مالی قربانی پیش فرمائیں۔ ایک مکمل مکان کی تعمیر کے اخراجات 7 سے 8 لاکھ روپے کے درمیان ہوتے ہیں۔ ایک مکان کے پورے اخراجات سے لے کر حسب استطاعت آپ جو بھی مالی قربانی پیش فرمائیں مقامی جماعت کے نظام کے تحت یا براہ راست مد بیوت الحمد خزانہ صدر انجمن احمدیہ میں ارسال فرما کر عنداللہ ماجور ہوں۔

(صدر بیوت الحمد منصوبہ)

مالی اعانت کی ضرورت

نظام جماعت کے تحت غریب بچوں کو زیور تعلیم سے آراستہ کرنے کیلئے آپ کی مالی اعانت کی بھرپور ضرورت ہے۔ اس کیلئے خزانہ صدر انجمن احمدیہ میں ''امداد طلباء'' کے نام سے ایک مد قائم ہے۔

آپ اس کار خیر میں کس حد تک اعانت کر سکتے ہیں؟ یہ عطیہ جات براہ راست نگران امداد طلباء نظارت تعلیم یا خزانہ صدر انجمن احمدیہ کی مد امداد طلبہ میں بھجوائے جا سکتے ہیں۔

(نظارت تعلیم)

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل وجواہر (نمبر 465)

ہر فرد بروز حشر جواب دہ ہوگا

شہنشاہ کائنات کا ایک لرزہ خیز خطبہ (بروایت حضرت عبداللہ بن عمر)

تم میں سے ہر ایک نگہبان ہے اور ہر ایک سے اس کی رعیت کی پرسش ہوگی، بادشاہ نگہبان ہے اور اس سے (قیامت کے دن) اس کی رعیت کی پرسش ہوگی اور مرد اپنے گھر والوں کا نگہبان ہے اس سے اس کی رعیت کی پوچھ ہوگی اور عورت اپنے خاوند کے مال کی محافظ ہے اس سے اس کی رعیت کی پوچھ ہوگی اور نوکر اپنے آقا کے مال کا نگہبان ہے اور اس کی رعیت کی پوچھ ہوگی، ابن عمر یا سالم یا یونس نے کہا میں سمجھتا ہوں کہ آپ نے یہ بھی فرمایا اور مرد اپنے باپ کے مال کا نگہبان ہے اور اس سے اس کی رعیت کی پوچھ ہوگی، غرض تم میں ہر شخص نگہبان ہے اور ہر ایک سے اس کی رعیت کی پرسش ہوگی۔ (صحیح بخاری کتاب الجمعہ)

اس ارشاد رسالت مآب کی رو سے دینی معاشرہ کی تعمیر وتشکیل صرف مقنّنہ، انتظامیہ اور عدلیہ پر ہی عائد نہیں ہوتی بلکہ ہر شخص قیامت کے روز اپنے حلقہ اثر کے متعلق جواب دہ ہوگا اور خدائے ذوالجلال خود ان کا محاسبہ کرے گا حضرت مسیح موعود تحریر فرماتے ہیں:۔

’’جو شخص اپنے نفس کے لئے خدا کے حکم کو ٹالتا ہے وہ آسمان میں ہرگز داخل نہیں ہوگا۔ سو تم کوشش کرو جو ایک نقطہ یا ایک شعشہ قرآن شریف کا بھی تم پر گواہی نہ دے تا تم اس کے لئے پکڑے نہ جاؤ کیونکہ ایک ذرہ بدی کا بھی قابل پاداش ہے۔ وقت تھوڑا ہے اور کار عمر ناپیدا۔ تیز قدم اٹھاؤ کہ شام نزدیک ہے جو کچھ پیش کرنا ہے وہ بار بار دیکھ لو۔ ایسا نہ ہو کہ کچھ رہ جائے اور زیاں کاری کا موجب ہو یا سب گندی اور کھوٹی متاع ہو جو دربار شاہی میں پیش کرنے کے لائق نہ ہو۔‘‘ (کشتی نوح صفحہ 23 طبع اول 5/اکتوبر 1902ء)

ہمیں کچھ کیں نہیں بھائیو نصیحت ہے غریبانہ
کوئی جو پاک دل ہووے دل وجاں اس پہ قربان ہے

فرمان نبویؐ سے بغاوت کی سزا

شاہ کونین آنحضرت صلی اللہ علیہ آلہ وسلم نے چودہ سو سال قبل ارشاد فرمایا کہ رب النار کے سوا (کسی کو حق نہیں کہ وہ آگ کا عذاب دے۔ (ابوداؤد کتاب الادب) اس فرمان نبویؐ سے بغاوت کی پاداش میں مغربی اقوام 1945ء سے آج تک خدا کے قہر کا نشان بنی ہوئی ہیں اور ایٹم بموں، کلاشنکوفوں، مارٹر گنوں اور دوسرے جدید آتشیں اسلحہ نے ان کو بولھبی کے شعلوں میں بھسم کر ڈالا ہے۔

سیدنا مصلح موعود نے 10/اگست 1945ء کو ڈلہوزی میں ایک پُر جلال خطبہ ارشاد فرمایا جس میں ایٹم بم کے استعمال کے خلاف سب سے پہلی آواز بلند کرتے ہوئے واضح فرمایا

’’تیرہ سو سال پہلے دنیا کو رسول ﷺ نے لڑائیوں کو کم کرنے کا راستہ بتایا تھا۔ جب تک دنیا اس راستہ پر نہیں چلے گی۔ لڑائیاں کم نہیں ہوں گی بلکہ بڑھیں گی۔ یورپ اور امریکہ والے امن نہیں پائیں گے جب تک رسول کریم ﷺ کی اس تعلیم کی طرف متوجہ نہیں ہوں گے وہ جب تک آنحضرت ﷺ کے ارشاد کے مطابق یہ نہ کہیں گے کہ ہمیں ان آگ کی چیزوں کو ناجائز قرار دینا چاہئے اس وقت تک حقیقی امن نصیب نہیں ہوگا‘‘

(الفضل قادیان 16/اگست 1945ء ص 1-3)

امن عالم کا دائمی چارٹر

آنحضرت ﷺ کے شہرہ آفاق خطبہ عرفات مارچ 632ء کا بامحاورہ اردو ترجمہ:۔

’’اے لوگو! جو کچھ میں تمہیں کہتا ہوں سنو اور اچھی طرح اس کو یاد رکھو۔ ہر مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے۔ تم سب ایک ہی درجہ کے ہو۔ تم تمام انسان خواہ کسی قوم اور کسی حیثیت کے ہو، انسان ہونے کے لحاظ سے ایک درجہ رکھتے ہو۔ یہ کہتے ہوئے آپ نے اپنے دونوں ہاتھ اٹھائے اور دونوں ہاتھوں کی انگلیاں ملا دیں اور کہا جس طرح ان دونوں ہاتھوں کی انگلیاں آپس میں برابر ہیں اسی طرح تم بنی نوع انسان آپس میں برابر ہو۔ تمہیں ایک دوسرے پر فضیلت اور درجہ ظاہر کرنے کا کوئی حق نہیں۔ تم آپس میں بھائیوں کی طرح ہو۔ پھر فرمایا کیا تمہیں معلوم ہے آج کونسا مہینہ ہے؟ کیا تمہیں معلوم ہے یہ علاقہ کونسا ہے؟ کیا تمہیں معلوم ہے یہ دن کونسا ہے؟ لوگوں نے کہا ہاں! یہ مقدس مہینہ ہے، یہ مقدس علاقہ ہے اور یہ حج کا دن ہے۔

ہر جواب پر رسول اللہ ﷺ فرماتے تھے جس طرح یہ مہینہ مقدس ہے، جس طرح یہ علاقہ مقدس ہے، جس طرح یہ دن مقدس ہے اسی طرح اللہ تعالیٰ نے ہر انسان کی جان اور اس کے مال کو مقدس قرار دیا ہے اور کسی کی جان اور کسی کے مال پر حملہ کرنا ایسا ہی ناجائز ہے جیسے کہ اس مہینے اور اس علاقہ اور اس دن کی ہتک کرنا۔ یہ حکم آج کے لئے نہیں، کل کے لئے نہیں بلکہ اس دن تک کے لئے ہے کہ تم خدا سے جا کر ملو۔ پھر فرمایا۔ یہ باتیں جو میں تمہیں آج کہتا ہوں ان کو دنیا کے کناروں تک پہنچا دو کیونکہ ممکن ہے کہ جو لوگ آج مجھ سے سن رہے ہیں ان کی نسبت وہ لوگ ان پر زیادہ عمل کریں جو مجھ سے نہیں سن رہے۔‘‘

اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

میڈیکل کے احمدی طلبہ متوجہ ہوں

۞ پاکستان بھر کے تمام میڈیکل کالجز میں زیر تعلیم تمام احمدی طلباء وطالبات خواہ وہ کہیں بھی زیر تعلیم ہوں کے مندرجہ ذیل کوائف کی فوری ضرورت ہے۔

(1) نام (طالب علم/طالبہ) (2) ولدیت (3) موجودہ ایڈریس (4) کالج کا نام (5) کون سے سال میں زیر تعلیم ہیں۔ (6) فون نمبر (7) ای میل ایڈریس (اگر ہے تو)

2007ء میں جن طلباء وطالبات کا داخلہ کسی بھی حکومتی میڈیکل کالج میں ہوا ہو وہ بھی اپنے کوائف ضرور ارسال کریں۔ جو طلباء وطالبات درج بالا کوائف بھجوا چکے ہوں ان کو دوبارہ کوائف ارسال کرنے کی ضرورت نہ ہے۔ (نظارت تعلیم)

ولادت

۞ محترمہ امۃ القیوم صاحبہ تحریر کرتی ہیں۔

میرے بیٹے مکرم عبدالقیوم زاہد صاحب کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے مورخہ 29 دسمبر 2007ء کو ایک بیٹے اور ایک بیٹی کے بعد دوسرے بیٹے سے نوازا ہے جس کا نام طلحہ زاہد تجویز ہوا ہے۔ نومولود وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل ہے اور مکرم مولانا عبدالسلام طاہر صاحب کا پوتا ہے احباب جماعت سے نومولود کی درازی عمر اور خادم دین بننے کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

درخواست دعا

۞ مکرم طاہر احمد ملک صاحب ولد مکرم ملک نثار احمد صاحب مرحوم محلّہ تاجپورہ سمبڑیال ضلع سیالکوٹ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کی پھوپھی جان محترمہ مریم صدیقہ صاحبہ کے دل کے والو بند ہونے کی وجہ سے ڈاکٹرز نے بائی پاس آپریشن تجویز کیا ہے۔ تمام احباب جماعت سے گزارش ہے کہ دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ موصوفہ کو صحت کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے اور آپریشن سے پہلے اور بعد کی پیچیدگیوں سے بھی بچائے۔

میجر جنرل نسیم احمد آئی سپیشلسٹ سکالرشپ برائے میڈیکل سٹوڈنٹس 2007ء

۞ 2007ء میں ایف ایس سی مکمل کرنے کے بعد پاکستان کے کسی حکومتی میڈیکل کالج میں MBBS فرسٹ ائیر میں داخلہ حاصل کرنے والے ضرورت مند احمدی طلباء وطالبات کیلئے ایک سکالر شپ موجود ہے۔ ایسے ضرورت مند طلباء وطالبات سے درخواست ہے کہ وہ سادہ کاغذ پر بنام مکرم ناظر صاحب تعلیم اپنی درخواست مکرم صدر صاحب/امیر صاحب جماعت کی تصدیق، ایف ایس سی کی مارکس شیٹ اور ایم بی بی ایس میں داخلہ کے ثبوت (داخلہ فیس کی رسیدات کی نقول وغیرہ) کے ساتھ مورخہ 15 جنوری 2008ء تک نظارت تعلیم صدر انجمن احمدیہ ربوہ 35460 ارسال فرمائیں۔ قواعد اور مزید تفصیلی معلومات نظارت تعلیم صدر انجمن احمدیہ ربوہ سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔ فون نمبر: 047-6212473

(نظارت تعلیم)

سانحہ ارتحال

۞ مکرم آصف بشیر ریحان صاحب کارکن دفتر روزنامہ الفضل تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کے ماموں مکرم ڈاکٹر منیر احمد ناز صاحب کرونڈی ضلع خیر پور مختصر علالت کے بعد مورخہ 28 دسمبر 2007ء کو سول ہسپتال کراچی میں وفات پا گئے۔ مرحوم تہجد گزار، سابق صدر جماعت احمدیہ کرونڈی اور جماعت کے مخلص کارکن تھے۔ مرحوم موصی تھے اس لئے ان کا جنازہ ربوہ لایا گیا۔ ان کی نماز جنازہ محترم ریاض محمود باجوہ صاحب مربی سلسلہ نے بیت مبارک میں بعد نماز ظہر پڑھائی۔ بہشتی مقبرہ میں تدفین کے بعد کرم حکیم نذیر احمد ریحان صاحب مربی سلسلہ نے دعا کرائی۔ مرحوم نے سوگواران میں تین بیٹیاں اور ایک بیٹا چھوڑا ہے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل بخشے۔

دورہ نمائندہ مینیجر روزنامہ الفضل

۞ مکرم نعیم احمد صاحب اٹھوال نمائندہ مینیجر الفضل برائے توسیع اشاعت، چندہ جات، بقایاجات کی وصولی اور الفضل میں اشتہارات کی ترغیب کے سلسلہ میں ضلع سیالکوٹ کے دورہ پر ہیں۔ تمام احباب جماعت سے تعاون کی درخواست ہے۔

(مینیجر روزنامہ الفضل)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

تعلیم القرآن سے متعلق حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کی تحریکات

تلاوت کرنے، ترجمہ سیکھنے، کلاسز میں شرکت کرنے اور وقف عارضی میں شمولیت کی تلقین

عبدالسمیع خان

تلاوت کرنے کی تحریک

حضور نے خطبہ جمعہ 16 ستمبر 2005ء میں فرمایا:

''اللہ تعالیٰ کی رحمت کو جذب کرنے کے لئے اور فرشتوں کے حلقے میں آنے کے لئے ضروری ہے کہ ہم میں سے ہر ایک قرآن کریم پڑھے اور اس کو سمجھے، اپنے بچوں کو پڑھائیں، انہیں تلقین کریں کہ وہ روزانہ تلاوت کریں۔ اور یاد رکھیں کہ جب تک ان چیزوں پہ عمل کرنے کے ماں باپ کے اپنے نمونے بچوں کے سامنے قائم نہیں ہوں گے اس وقت تک بچوں پہ اثر نہیں ہوگا۔ اس لئے فجر کی نماز کے لئے بھی اٹھیں اور اس کے بعد تلاوت کے لئے اپنے پر فرض کریں کہ تلاوت کرنی ہے پھر نہ صرف تلاوت کرنی ہے بلکہ توجہ سے پڑھنا ہے اور پھر بچوں کی بھی نگرانی کریں کہ وہ بھی پڑھیں، انہیں بھی پڑھائیں۔ جو چھوٹے بچے ہیں ان کو بھی پڑھایا جائے''۔

(الفضل 7 فروری 2006ء)

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز احباب جماعت کو قرآن کریم کی تلاوت اور اس کا ترجمہ اور تفسیر پڑھنے کی نصیحت کرتے ہوئے خطبہ جمعہ 24 ستمبر 2004ء میں فرماتے ہیں:۔

''ہر احمدی کو اس بات کی فکر کرنی چاہئے کہ وہ خود بھی اور اس کے بیوی بچے بھی قرآن کریم پڑھنے اور اس کی تلاوت کرنے کی طرف توجہ دیں۔ پھر ترجمہ پڑھیں پھر حضرت مسیح موعود کی تفسیر پڑھیں......

پس بچوں کو بھی قرآن کریم پڑھنے کی عادت ڈالیں اور خود بھی پڑھیں۔ ہر گھر سے تلاوت کی آواز آنی چاہئے۔ پھر ترجمہ پڑھنے کی کوشش بھی کریں اور سب ذیلی تنظیموں کو اس سلسلے میں کوشش کرنی چاہئے، خاص طور پر انصار اللہ کو کیونکہ میرے خیال میں خلافت ثالثہ کے دور میں ان کے ذمے یہ کام لگایا گیا تھا۔ اسی لئے ان کے ہاں ایک قیادت بھی اس کے لئے ہے جو تعلیم القرآن کہلاتی ہے۔ اگر انصار پوری توجہ دیں تو ہر گھر میں باقاعدہ قرآن کریم پڑھنے اور اس کو سمجھنے کی کلاسیں لگ سکتی ہیں''۔

''اللہ کرے کہ ہم خود بھی اور اپنے بیوی بچوں کو بھی اس طرف توجہ دلانے والے ہوں اور اپنے دلوں کو منور کرنے والے ہوں اور قبولیت دعا کے نظارے دیکھنے والے ہوں۔ جیسا کہ میں نے پہلے بھی کہا تھا کہ انصار اللہ کے ذمہ خلافت ثالثہ میں یہ لگایا گیا تھا کہ قرآن کریم کی تعلیم کو رائج کریں، قرآن کریم کی تلاوت کی طرف توجہ دیں۔ گھروں کو بھی اس نور سے منور کریں لیکن ابھی بھی جہاں تک میرا اندازہ ہے انصار اللہ میں بھی 100 فیصد قرآن کی تلاوت کرنے والے نہیں ہیں۔ اگر جائزہ لیں تو یہی صورتحال سامنے آئے گی اور پھر یہ کہ اس کا ترجمہ پڑھنے والے ہوں''۔

(روزنامہ الفضل 7 دسمبر 2004ء)

ترجمہ سیکھنے کی تحریک

حضور نے نیشنل تربیتی کلاس برطانیہ سے خطاب کرتے ہوئے 31 دسمبر 2003ء کو فرمایا:۔

''قرآن شریف جب آپ پڑھیں پندرہ، سولہ سال کی عمر کے جو بچے ہیں بلکہ چودہ سال کی عمر کے بھی۔ اب یہ بڑی عمر کے بچے ہیں، Mature ہو گئے ہیں، سوچیں ان کی بڑی Mature ہونی چاہئیں۔ اس عمر میں آ کے آپ لوگ اپنے مستقبل کے بارے میں، Future کے بارے میں بھی سوچنا شروع کر دیتے ہیں۔ تو اس میں خاص طور پر یاد رکھیں کہ قرآن شریف جب آپ پڑھ رہے ہیں تو اس کا ترجمہ بھی سیکھنے کی کوشش کریں۔ کیونکہ یہ بھی ایک حدیث ہے۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ قرآن شریف جو ہے اس کا ایک سرا خدا کے ہاتھ میں ہوتا ہے اور دوسرا سرا تمہارے ہاتھ میں۔ یہی مطلب ہے کہ اگر تم لوگ اس کو پڑھو اور اس پہ عمل کرو، اس کو سمجھو تو تم نیکیاں کرنے کی کوشش کرو گے اور جب تم نیکیاں کرو گے تو اللہ تعالیٰ تک تم پہنچ سکو گے۔ دعائیں کرنے کا تمہیں موقع ملے گا۔ نمازیں پڑھنے کا تمہیں مزہ آئے گا اور پھر اللہ تعالیٰ کے جو حکم ہیں جو باتیں ان کو سمجھنے کی توفیق ملے گی''۔

(مشعل راہ جلد 5 حصہ 2 ص 180,179)

قرآن کلاسز میں شمولیت کی تحریک

حضور نے اطفال ریلی برطانیہ سے خطاب میں 10/اپریل 2005ء کو فرمایا:۔

''قرآن کریم پڑھیں۔ قرآن کریم پڑھیں گے تو آپ کو پتہ لگے گا کہ ہم نے کیا کیا کچھ کرنا ہے، کیا کیا کچھ اللہ میاں نے ہمیں حکم دیئے ہیں، کیا تعلیم دی ہے۔ تو اس طرح آپ کو بہت سارے فائدے ہوں گے۔ مجھے امید ہے کہ اکثر بچے ہمارے جو دس سال سے اوپر کے ہیں باقاعدہ قرآن کریم پڑھتے ہوں گے۔ اگر نہیں پڑھتے تو پڑھنے کی عادت ڈالیں۔ روز کم از کم ایک رکوع پڑھا کریں اور کلاسوں میں بھی شامل ہوا کریں۔ خدام الاحمدیہ اگر کلاسیں لگاتی ہے تو بڑی اچھی بات ہے۔ نہیں لگاتی تو کلاسیں لگانی چاہئیں۔ تاکہ بچوں کو بتائیں تو جب آپ لوگ اس طرح تعلیم حاصل کریں گے تو انشاء اللہ تعالیٰ جماعت کے لئے بہت مفید وجود بن جائیں گے، جماعت کا ایک بہت مفید حصہ بن جائیں گے''۔

(مشعل راہ جلد نمبر 5 حصہ 2 ص 165)

قرآن پر عمل کرنے کی تحریک

خطبہ جمعہ 21/اکتوبر 2005ء میں فرمایا:۔

''آج ہر احمدی کا فرض ہے کہ اس رمضان میں اس نصیحت سے پُر کلام کو جیسا کہ ہمیں اس کے زیادہ سے زیادہ پڑھنے کی توفیق مل رہی ہے، اپنی زندگیوں پر لاگو بھی کریں۔ اس کے ہر حکم پر جس کے کرنے کا ہمیں حکم دیا گیا ہے اس پر عمل کریں اور جن باتوں کی مناہی کی گئی ہے، جن باتوں سے روکا گیا ہے ان سے رکیں، ان سے بچیں اور کبھی بھی ان لوگوں میں سے نہ بنیں جن کے بارے میں خود قرآن کریم میں ذکر ہے۔ فرمایا کہ (-) (الفرقان: 31) اور رسول کہے گا اے میرے رب! یقیناً میری قوم نے اس قرآن کو متروک کر چھوڑا ہے۔

یہ زمانہ اب وہی ہے جب اور بھی بہت ساری دلچسپیوں کے سامان پیدا ہوگئے ہیں۔ پڑھنے والی کتابیں بھی اور بہت سی آچکی ہیں۔ اور بہت ساری دلچسپیوں کے سامان پیدا ہوگئے ہیں۔ انٹرنیٹ وغیرہ ہیں جن پر ساری ساری رات یا سارا سارا دن بیٹھے رہتے ہیں۔ اس طرح ہے کہ نشے کی حالت ہے اور اس طرح کی اور بھی دلچسپیاں ہیں۔ خیالات اور نظریات اور فلسفے بہت سے پیدا ہو چکے ہیں۔ جو انسان کو مذہب سے دور لے جانے والے ہیں......

......آج ہم احمدیوں کی ذمہ داری ہے، ہر احمدی کی ذمہ داری ہے کہ وہ قرآنی تعلیم پر نہ صرف عمل کرنے والا ہو، اپنے اوپر لاگو کرنے والا ہو بلکہ آگے بھی پھیلائے اور حضرت مسیح موعود کے مشن کو آگے بڑھائے اور کبھی بھی یہ آیت جو میں نے اوپر پڑھی ہے کسی احمدی کو اپنی لپیٹ میں نہ لے۔ ہمیشہ حضرت مسیح موعود کا یہ فقرہ ہمارے ذہن میں ہونا چاہئے کہ جو لوگ قرآن کو عزت دیں گے وہ آسمان پر عزت پائیں گے۔ ہم ہمیشہ قرآن کے ہر حکم اور ہر لفظ کو عزت دینے والے ہوں اور عزت اس وقت ہوگی جب ہم اس پر عمل کر رہے ہوں گے اور جب ہم اس طرح کر رہے ہوں گے تو قرآن کریم ہمیں ہر پریشانی سے نجات دلانے والا اور ہمارے لئے رحمت کی چھتری ہوگا۔ جیسا کہ اس آیت میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ (-) (بنی اسرائیل: 83) ''اور ہم قرآن میں سے وہ نازل کرتے ہیں جو شفا ہے اور مومنوں کے لئے رحمت ہے اور وہ ظالموں کو گھاٹے کے سوا اور کسی چیز میں نہیں بڑھاتا''۔

(الفضل 11 نومبر 2005ء)

وقف عارضی

قرآن کریم کی تعلیم کو رائج کرنے اور جماعتی تربیت کی خاطر حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے 1966ء میں وقف عارضی کی تحریک فرمائی اور فرمایا کہ ہر سال 5 ہزار واقفین عارضی کی ضرورت ہے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مجلس مشاورت پاکستان 2004ء کے ممبران کے نام اپنے پیغام میں وقف عارضی کی طرف توجہ دلاتے ہوئے فرمایا:۔

''گزشتہ سالوں میں کئی دفعہ وقف عارضی کی طرف توجہ دلائی گئی ہے۔ لیکن بڑے افسوس کی بات ہے کہ جماعتوں نے اس پر خاطر خواہ توجہ نہیں دی۔ گو اس سال شاید یہ تجویز نہیں ہے لیکن میری ممبران شوریٰ سے یہ درخواست ہے کہ یہ ارادہ کر کے جائیں کہ اس سال ہم نے ربوہ کے علاوہ باہر سے پانچ ہزار واقفین عارضی مہیا کرنے ہیں، جو وفود کی شکل میں مختلف جماعتوں میں جائیں۔ انشاء اللہ ان وفود کی اپنی تربیت بھی ہوگی اور جماعت کی تربیت میں بھی مدد ملے گی۔ اللہ تعالیٰ اس کی توفیق دے آمین''۔

(الفضل 5/اپریل 2004ء)

حضور نے 3 نومبر 2006ء کو تحریک جدید کے نئے سال کا اعلان کرتے ہوئے فرمایا:۔

ایک مطالبہ وقف عارضی کا ہے اس طرف بھی توجہ کی ضرورت ہے۔ باہر کی دنیا میں (باہر سے مراد یورپ اور مغربی ممالک افریقہ وغیرہ) اگر آرگنائز کر کے اس مطالبے پر سارے نظام پر قائم کیا جائے تو اپنوں کی تربیت کے لحاظ سے بھی اور دعوت الی اللہ کے لحاظ سے بھی بہت بہتری پیدا ہوگی جماعتیں اس طرف بھی توجہ کریں۔

(الفضل 12 دسمبر 2006ء)

☆☆☆☆☆☆☆☆

ماخوذ ایم ایس خالد

شیخ محمد احمد مظہر

ماہر لسانیات

محترم پروفیسر ایم ایس خالد صاحب حضرت شیخ محمد احمد مظہر صاحب کے بارے میں تحریر کرتے ہیں۔

شیخ محمد احمد مظہر ایک عالم، ماہر لسانیات، عاجزی و انکساری کی حامل ایسی نابغۂ روزگار شخصیت جو اردو عربی اور فارسی میں نثر اور نظم پر کامل عبور اور قدرت رکھنے کے علاوہ دل و دماغ کی غیر معمولی خداداد صلاحیتوں کے حامل تھے اور حافظہ ایسا غضب کا تھا کہ نامور شعراء و اساتذہ کے 10 ہزار سے زائد اردو/فارسی/عربی کے شعر ازبر تھے جو موقع محل کے مطابق بے ساختہ سنا کر علماء و فضلاء کو حیرت زدہ کر دیتے۔

آپ نومبر 1894ء میں ریاست کپور تھلہ میں پیدا ہوئے۔ قانون کی ڈگری ایل ایل بی حاصل کی اور وکالت کا پیشہ اختیار کر کے اس طرح نبھایا کہ ہمیشہ سچے مقدموں کی پیروی کی اور کبھی جھوٹا مقدمہ نہ لیا نہ چلایا۔ عملی زندگی میں ہمیشہ آپ نے تقویٰ کی باریک راہوں کو ملحوظ رکھا لیکن وہ عملی کام، اور وہ عظیم الشان تحقیقی کارنامہ جو آپ نے نہایت خاموشی کے ساتھ، اپنی خداداد صلاحیتوں کو اپنے ذاتی ذوق و شوق تدبر و تفکر کے پچاس ساٹھ سال بے لوث اور انتھک محنت شاقہ سے بطور ماہر لسانیات اپنی زندگی کے نچوڑ کے طور پر یہ ثابت کرتے گزارے کہ دنیا میں استعمال کی جانے والی تمام زبانوں کی ماں ام الالسنۂ عربی اور صرف عربی ہے۔ اس سلسلہ میں آپ تحریر کرتے ہیں کہ زبانیں عربی سے نکلیں بگڑیں مسخ ہوئیں لیکن یہ بگاڑ مشیت الٰہی کے ماتحت معین اور مقررہ اصول کے مطابق ہوا ہے زبانوں کا یہ اختلاف صرف باہمی بعد زماں یا مکان کے سبب نہیں بلکہ اس کا قومی سبب یہ بھی ہے کہ خطہ استواء کے قرب یا بعد یا ستاروں کی ایک خاص وضع کی تاثیر اور دوسرے نامعلوم اسباب سے ہر ایک قسم کی زمین اپنے باشندوں کی فطرت کو ایک خاص خلق اور لہجہ اور صورت تلفظ کی طرف میلان دیتی ہے اور وہی محرک رفتہ رفتہ ایک خاص وضع کلام کی طرف لے آتا ہے۔ اس ضمن میں شیخ مظہر صاحب مزید کہتے ہیں۔

''دنیا کی تمام زبانیں عربی کے سہ حرفی روٹوں پر مبنی ہیں مرور ایام سے ان میں کمی بیشی اور تغیر و تبدل ہوا اور وہ ایک نئی شکل اختیار کر گئے لیکن یہ تغیر و تبدل ایسے معین اور حسابی اصولوں پر ہوا ہے کہ ہر زبان کے روٹ اپنے سہ حرفی روٹ کی طرف لوٹائے جا سکتے ہیں گویا ایک کیمیائی عمل کے تجزیہ سے کمی کو پورا اور بیشی کو خارج کیا جا سکتا ہے۔ اس کیمیائی عمل کے نتیجہ میں ہر زبان کے لفظ دس بڑی قسموں میں بٹ جاتے ہیں اور عربی مادہ صاف اور شفاف ہو کر بحال ہو جاتا ہے نیز اس کیمیائی عمل اور اس نسخے کے اجزاء فلالوجی کے مسلمات سے ہیں اس لئے کوئی بالغ نظر فلالوجسٹ ان کا انکار نہیں کر سکا''۔ (مضامین مظہر 147)

واضح رہے کہ یورپین فلالوجسٹس (ماہرین لسانیات) ایک لمبے عرصہ تک سنسکرت کو ہی ام الالسنہ قرار دیتے آتے تھے لہٰذا محمد احمد مظہر نے سال ہا سال کی عرق ریزی کے بعد اپنی کتاب (Sanskrit Traced to Arabic) شائع کر کے یورپ کے بڑے بڑے ماہرین لسانیات کہ جن کو اتھارٹی اور سند کا درجہ دیا جاتا تھا یعنی میکس مولر، جس پرسن سیکٹ آپ نے ان یورپین ماہرین کے حل الفاظ کی ایسی ایسی غلطیاں پکڑیں کہ ان کی حیثیت طفل مکتب بن کر رہ گئی۔ وہ مزید لکھتے ہیں۔ ''دنیا کی مختلف زبانوں کی لغتیں بالعموم عیسائی مشنریوں نے اپنی غرض کے لئے بنائیں مگر خدا تعالیٰ کی حکمت دیکھئے کہ وہ سب ہمارے لئے (یعنی عربی کو ام الالسنۂ ثابت کرنے کے لئے) مسخر کی گئیں''۔ (مضامین مظہر 154)

ہز ایکسی لینسی محمد عزالدین شرف، سابق مصری سفیر، بحیثیت نائب وزیر برائے ریلیشنز اینڈ انٹرنیشنل کانفرنسز، جب دوسری بین الاقوامی اسلامک ایجوکیشنل کانفرنس میں شرکت کے لئے اسلام آباد آئے تو اپنے ٹیلیویژن انٹرویو میں عربی زبان کی تعلیم کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا۔

''آپ ایک نہایت ممتاز سکالر ہیں۔ ان کا نام اس وقت ذہن میں نہیں آ رہا سردست یہ بھی یاد نہیں کہ وہ لاہور میں رہائش پذیر ہیں یا کہیں اور انہوں نے اس موضوع پر نہایت عمدہ کتاب لکھی ہے کہ عربی زبان تمام زبانوں کی ماں ہے جو بہت دلچسپ کتاب ہے ہمیں اس حقیقت کو سامنے رکھ کر کام شروع کرنا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان اس بارے میں سبقت لے گیا ہے اور پاکستان ہی ایسا اسلامی ملک ہے جسے عربی زبان کی تعلیم کی لازماً سب سے پہلے ضرورت ہے''

موازنہ السنہ کے اس سخت محنت طلب اور جان گسل تحقیق و جستجو کے عملی کام کو تنہا ذاتی شوق اور تدبر کے نتیجہ میں نصف صدی تک خاموش طریق پر جاری رکھتے ہوئے۔ شیخ محمد احمد مظہر نے دنیا کی اکاون زبانوں کے ایک لاکھ پندرہ ہزار الفاظ کی جڑوں تک پہنچ کر ان کے عربی روٹ ثابت کئے اور ایسے ناقابل تردید انداز میں ثابت کئے جن کو دانشوروں نے حسابی کتابی فارمولوں کی طرح سچ اور صداقت کا حامل قرار دیا۔ اس ضمن میں موزوں علمی شوق اور خاص ذہنی دلچسپی رکھنے والے اہل علم وطن عزیز پاکستان کے اس بے لوث ماہر لسانیات کو خراج تحسین پیش کرتے رہے ہیں جیسا کہ خالد احمد اپنے مضمون ''الفاظ کی سرگزشت عربی کے کچھ انگیز الفاظ'' میں لکھتے ہیں۔

''کچھ سال قبل انہوں نے ایک کتاب لکھی تھی جس میں عربی کو سنسکرت کا ماخذ قرار دیا تھا۔ درحقیقت انہوں نے عربی میں تمام زبانوں کے ماخذ تلاش کئے ہیں میں ان کی علمیت سے بہت مرعوب ہوں اور خود کو ان سے بہت چھوٹا محسوس کرتا ہوں ان کے کتاب میں بیان کردہ کچھ تعلقات مبہوت کر دینے والے ہیں'' جی ہاں اپنے علمی کارہائے نمایاں سے مبہوت کرنے والا یہ بے نفس وجود جس نے اپنی خداداد صلاحیتوں کی حامل دنیاوی زندگی حقیقتاً فنا فی العلم ہو کر بالآخر 29 مئی 1993ء کو خالق حقیقی کے حضور حاضر ہو گئے خدا تعالیٰ مغفرت فرمائے۔ آمین۔ شہر فیصل آباد کی معروف گلی وکیلاں کی ایک کٹیا میں 1947ء سے 1993ء تک قیام پذیر رہ کر ایک ایسی علمی تحقیق چھوڑ گئے جو آپ کے نام کو زندہ جاوید رکھے گی۔

(روزنامہ پاکستان۔ لاہور مورخہ 3 جولائی 1996ء)

تعارف

احکام القرآن سورۃ البقرہ

مؤلف: نورالدین منیر صاحب ایم اے

سن اشاعت: جون 2007ء

کتابت: خالد محمود اعوان صاحب

پرنٹر: شریف اینڈ سنز کراچی

قیمت: 150 روپے

ضخامت: 416 صفحات

قرآن کریم کو پڑھنے اور اس کی روشنی دوسروں تک پہنچانے کی بہت فضیلت بیان ہوئی ہے۔ یہ ثواب حاصل کرنے کا ایک بڑا ذریعہ ہے اور پھر اگر اس میں موجود اوامر و نواہی پر عمل بھی کیا جائے تو انسان کی زندگی سنور جاتی ہے۔ یعنی جس کام کے کرنے کا حکم ہے اس کو سرانجام دینا اور جس کے متعلق منع کیا گیا ہے اس کو بکلی چھوڑ دینا۔ خدا تعالیٰ نے اپنی شریعت میں چھوٹی چھوٹی باتوں کے حوالے سے متعدد احکام بیان فرمائے ہیں، ان پر وہی کماحقہٗ عمل کر سکتا ہے جو قرآن کریم کا گہری نظر سے مطالعہ کرتا ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے اپنی ایک مجلس عرفان میں فرمایا تھا کہ احکام القرآن جمع کئے جائیں۔ احکام القرآن جمع کرنے کی اہمیت اس لئے بھی بڑھ جاتی ہے کہ قرآن کریم تمام بنی نوع انسان کے لئے ایک بے عیب، مکمل اور آخری ہدایت نامہ ہے اور یہ قرآن تو تمام جہانوں کے لئے نصیحت کے سوا کچھ نہیں۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی اس نصیحت اور بابرکت ارشاد کی روشنی میں مکرم و محترم نورالدین منیر صاحب آف کراچی نے سورۃ البقرہ کے احکام پر مشتمل ایک کتاب تالیف کی ہے جس میں آپ نے تفصیل سے ان احکام پر روشنی ڈالی ہے جو سورۃ البقرہ میں بیان فرمودہ ہیں اور ان احکام کو کھول کر بیان کرنے کی کوشش کی ہے جو اس سورۃ میں مضمر ہیں، جن پر عمل کر کے مومنین اخلاقی اور روحانی ترقی حاصل کر سکتے ہیں۔

معاشرہ میں فلاح و بہبود اور اس میں رہنے والوں کے اخلاق کو صحیح سمت رکھنے کے لئے مؤلف نے آیات کے معانی بیان کرتے ہوئے زیادہ تر اخلاقی ہدایات کو ہی ملحوظ رکھا ہے اور فقہی مسائل کو عام طور پر چھوڑ دیا ہے اور مؤلف نے حضرت مسیح موعود، حضرت خلیفۃ المسیح الاول اور حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی تفاسیر سے ہی آیات کی تشریح اخذ کی ہے، کتاب کا پہلا حصہ حضرت چوہدری محمد ظفر اللہ خان صاحب، محترم ڈاکٹر عبدالسلام صاحب کے متعلق نوٹ اور اپنے خاندانی حالات رقم کئے ہیں۔ نیز ان دعاؤں اور ان کی تشریح کو بھی شامل اشاعت کیا ہے۔

زیر نظر کتاب کے مطالعہ سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ قرآن کریم کے سمندر میں گہرائی سے غوطہ لگا کر قیمتی موتی اور لعل و جواہر اکٹھے کئے گئے ہیں۔ آغاز سے لے کر سورۃ البقرہ کے اختتام تک ایک ترتیب سے احکام اور ان کی تشریح رکھی گئی ہے۔ ان احکام میں سے چند ذیل میں لکھے جاتے ہیں۔ خدا تعالیٰ کی صفات انسان اپنے وجود میں پیدا کرے تقویٰ کی شرائط کے مطابق اخلاص اور محبت سے مفوضہ عبادات بجالاتے رہیں۔ مومنین کی علامات اپنے وجود میں پیدا کریں، اللہ تعالیٰ کے احسانات کی یاد کو ہمیشہ دل میں تازہ رکھیں۔ کبھی شرک نہ کریں، مومنین اور مومنات کو اللہ تعالیٰ کا حکم ہے کہ فساد نہ کریں۔ قرآنی احکام اور سنت نبویؐ کا علم حاصل کریں۔ نہ کبھی جھوٹ بولیں نہ سچ میں کچھ جھوٹ ملا کر بولیں، نمازوں کو قائم کریں، زکوٰۃ دیں، کسی کو نیک اعمال بجالانے کی نصیحت کرنے کے ساتھ ساتھ اپنے عیوب کا بھی جائزہ لیتے رہیں۔ اپنی کامیابی کے لئے صبر سے دعا کرتے رہیں اور اللہ تعالیٰ کے احسانات کو یاد کرتے رہیں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو احکام القرآن پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

(ایف شمسؔ)

سب سے آسان خدمت خلق
عطیہ چشمہ

نوبیل پرائز کی تاریخ کے دلچسپ واقعات

انعام کی قبولیت سے انکار

جہاں ایک طرف نوبیل انعام فخر اور وقار کا باعث ہے تو دوسری جانب کچھ لوگ یا ممالک ایسے بھی ہیں جنہوں نے بعض وجوہات کی بنا پر انعامی رقم کی وصولی سے انکار کر دیا جن میں جرمنی کے رچرڈ کوہان نے 1938ء کا کیمیا میں انفرادی انعام اور جرمنی ہی کے گیرڈ ڈامک نے 1939ء کا انفرادی انعام برائے طب اور ان دونوں کے ہم وطن ایڈولف فریڈرک جان نے 1939ء کا کیمیا کا انعام اپنے ملک کے اعلیٰ حکام کی جانب سے دی گئی ہدایت کے مطابق وصول کرنے سے انکار کر دیا۔ واضح رہے کہ اس وقت جرمنی میں ہٹلر کی نازی پارٹی برسراقتدار تھی۔ اس کے علاوہ سابقہ سوویت یونین کے بورس پیسٹرنک نے 1958ء کا امن کا نوبیل انعام پہلے تو قبول کر لیا مگر بعد میں اپنے ملک کے اعلیٰ حکام کی جانب سے دی گئی ہدایت کے مطابق مسترد کر دیا، تاہم ان چاروں حضرات نے انعامی رقم ٹھکرا کر نوبیل فاؤنڈیشن کے تمغے اور نوبیل ڈپلوما وصول کئے۔

فرانس کے عظیم ناول نگار، نقاد، ڈرامہ نگار اور دانشور ژاں پال سارتر نے ذاتی وجوہات کی بنا پر 1964ء میں ادب کے شعبے میں ملنے والا نوبیل انعام وصول کرنے سے انکار کر دیا تھا، ان کا کہنا تھا کہ وہ کوئی بھی ایسا اعزاز وصول نہیں کرتے جس میں سرکاری عمل دخل ہو اور نہ ہی کسی ایسے ادارے سے وابستہ ہونا چاہیں گے، تاہم، نوبیل انعامی کمیٹی کے سینئر رکن لارس گیلنسٹن نے اپنی خود نوشت میں انکشاف کیا ہے کہ ژاں پال سارتر نے انعام ملنے کے گیارہ برس بعد 1975ء میں نوبیل کمیٹی کو خط تحریر کیا تھا جس میں انہوں نے اس بات کا اقرار کیا تھا کہ نوبیل پرائز کے بارے میں ان کی رائے تبدیل ہوگئی ہے، لہٰذا انہیں کم از کم ان کے نوبیل پرائز کی انعامی رقم دی جائے مگر نوبیل کمیٹی نے انکار کر دیا۔

ویت نام سے تعلق رکھنے والے سیاسی رہنما لی ڈک تھو نے بھی 1973ء میں امریکہ کے سابق وزیر خارجہ ہنری کسنجر کے ساتھ ملنے والا امن کا نوبیل پرائز قبول کرنے سے اس بنا پر انکار کر دیا تھا کہ ان کا خیال تھا کہ ان کے ملک میں امن قائم نہیں ہے۔ لہٰذا وہ امن کا نوبیل انعام لینے کے حقدار نہیں ہیں۔ اس کے علاوہ وہ سیاسی وجوہات کی بنا پر بھی امریکہ کے وزیر خارجہ ہنری کسنجر کے ساتھ نوبیل انعام لینا مناسب نہیں سمجھتے تھے۔ واضح رہے ہنری کسنجر نے انعام تو قبول کیا تھا مگر انعامی تقریب میں شرکت نہیں کی تھی۔

پہلا ایشیائی انعام یافتہ

بنگالی زبان کے عظیم گیت نگار، ناول نگار، نثر نگار، آرٹسٹ اور تقریباً 2000 گیتوں کے خالق بھارت کے رابندر ناتھ ٹیگور براعظم ایشیا سے تعلق رکھنے والی وہ پہلی شخصیت ہیں، جنہوں نے نوبیل انعام حاصل کیا۔ انہیں 1913ء میں ادب کا نوبیل انعام دیا گیا۔ 2004ء میں ان کا نوبیل تمغہ عجائب گھر میں رکھا ہوا تھا چوری کر لیا گیا اور انتہائی کوششوں کے باوجود اسے ڈھونڈا نہ جا سکا تو نوبیل کمیٹی نے حکومت بھارت کو متبادل نوبیل تمغہ جاری کیا۔

سب سے کم عمر اور طویل العمر انعام یافتہ

نوبیل پرائز کی تاریخ کے سب سے کم عمر انعام یافتہ برطانیہ کے لارنس برگ ہیں جنہوں نے 1915ء میں طبیعات کے شعبے میں اپنے والد کے ساتھ محض 25 سال کی عمر میں نوبیل پرائز حاصل کیا تھا۔ سب سے طویل عمر میں نوبیل پرائز حاصل کرنے کا اعزاز ایران میں پیدا ہونے والی برطانیہ کی ادیبہ ڈورس لیسنگ کو حاصل ہے جو انہوں نے ادب کے شعبے میں 2007ء میں 87 برس کی عمر میں حاصل کیا ہے۔

نوبیل پرائز۔ چند اہم معلومات

نوبیل پرائز کے انعام یافتگان کا اعلان ہر سال اکتوبر کی 13 تاریخ کو بذریعہ پریس ریلیز کیا جاتا ہے۔

13 اکتوبر 2007ء تک 797 نوبیل پرائز دیئے جا چکے ہیں جن میں 20 ادارے یا تنظیمیں بھی شامل ہیں۔

1901ء سے 2007ء تک دیئے جانے والے نوبیل پرائز کی کل تعداد کا 23 فیصد یہودی کمیونٹی نے حاصل کیا ہے، جس میں طبیعات میں 26 فی صد یعنی 47 انعامات، کیمیا میں 19 فیصد یعنی 29 انعامات، طب میں 28 فیصد یعنی 53 انعامات، معیشت میں 41 فیصد یعنی 25 انعامات، ادب میں 13 فیصد یعنی 13 انعامات اور امن کے شعبے میں 10 فیصد یعنی 9 انعامات شامل ہیں، جن کی کل تعداد 176 بنتی ہے اور ان 176 انعامات میں سے 37 فیصد انعام یافتہ یہودیوں کا تعلق امریکہ سے ہے واضح رہے کہ یہودی دنیا کی کل آبادی کا 0.25 فیصد اور امریکہ کی کل آبادی کا 2 فیصد ہیں۔

1901ء سے جاری نوبیل پرائز اب تک سب سے زیادہ امریکیوں نے حاصل کئے ہیں جن کی تعداد 304 بنتی ہے۔

نوبیل پرائز کو متنازع بنانے یا عوامی انداز کا مقابلہ بنانے سے بچانے کے لئے کسی بھی کیٹیگری کی نامزدگیوں کو جو بالعموم 100 سے 250 افراد تک ہوتی ہیں سختی سے 50 سال تک صیغہ راز میں رکھا جاتا ہے اور صرف کامیاب افراد ہی کا اعلان کیا جاتا ہے۔

نوبیل پرائز بعد از مرگ نہیں دیا جاتا، تاہم، اگر نامزد شخص اکتوبر تک زندہ رہے اور اسے انعام کے لئے بھی منتخب کر لیا جائے مگر اس کا انتقال تقریب انعامات یعنی 10 دسمبر سے پہلے ہو جائے تو اسے انعام دے دیا جاتا ہے جس کی مثال ڈاگ ہیمر شولڈ کو ملنے والا 1961ء کا امن نوبیل پرائز ہے، ڈاگ تقریب تقسیم انعامات سے تقریباً دو مہینے قبل انتقال کر گئے تھے اور انہیں بعد از مرگ انعام دیا گیا تھا۔ ایسی ہی مزید دو مثالیں ارک ایکسل کے 1931ء کے ادب کے نوبیل انعام اور ولیم ویکری کے 1996ء کے معیشت کے شعبے میں حاصل کردہ نوبیل انعام کی ہیں۔

ادب نوبیل پرائز کا وہ واحد شعبہ ہے جس میں سب سے کم مشترکہ انعامات دیئے گئے، یعنی صرف چار مرتبہ 1904ء، 1917ء، 1966ء، 1974ء میں انعامات دیئے گئے ہیں۔

پاکستان سے واحد نوبیل انعام یافتہ ڈاکٹر عبدالسلام کا تعلق طبیعات کے شعبے سے تھا، انہوں نے یہ اعزاز 1979ء میں امریکہ سے تعلق رکھنے والے دیگر دو ماہرین طبیعات کی شراکت میں حاصل کیا تھا۔

نوبیل انعامات 1901ء سے دیئے جا رہے ہیں مگر نوبیل تمغے 1902ء سے دینا شروع کئے گئے کیونکہ پہلی مرتبہ انعامات کے اعلان کے بعد وقت کی کمی کے باعث 1901ء میں عارضی تمغے جاری کئے گئے تاہم 1902ء میں ان تمغوں کو اصلی تمغوں سے تبدیل کر دیا گیا۔

1963ء کا نوبیل پرائز برائے امن دو اداروں "انٹرنیشنل کمیٹی آف ریڈ کراس" اور "لیگ آف ریڈ کراس سوسائٹی" نے مشترکہ طور پر حاصل کیا تھا۔ نوبیل پرائز کی تاریخ میں دو اداروں کے بیک وقت انعام حاصل کرنے کی یہ اب تک کی واحد مثال ہے۔

1975ء میں معیشت کے نوبیل پرائز کے تمغے جو امریکہ کے ٹجلنگ کو پمانس اور سوویت یونین کے لیونڈ ویتا لیا اوچ نے مشترکہ طور پر حاصل کئے تھے۔ غلطی سے ایک دوسرے سے تبدیل ہو گئے تھے اور دونوں ماہرین غلط تمغے لے کر اپنے اپنے ملک چلے گئے، چونکہ یہ زمانہ سرد جنگ کا تھا لہٰذا تقریباً چار سال بعد سفارتی سطح پر گفت و شنید کے بعد درست تمغے ماہرین کو واپس کئے گئے۔

نوبیل پرائز اور تنقید

باوجود اس کے کہ نوبیل پرائز ایک انتہائی معتبر اور قابل احترام انعام ہے مگر یہ وقتاً فوقتاً متنازع اور تنقید کا نشانہ بنتا رہا ہے، کیونکہ بہت سی قابل قدر ہستیاں ایسی ہیں جنہوں نے شاندار کارنامے انجام دیئے مگر وہ نوبیل کمیٹی کی پذیرائی سے محروم رہے۔ دوسری جانب کئی ایسی شخصیات نوبیل پرائز حاصل کر چکی ہیں جو ذرائع ابلاغ اور چیدہ چیدہ ماہرین کی نظر میں انعام کی مستحق نہیں تھیں۔ یہ الزام بھی لگایا جاتا رہا ہے کہ انعام دیتے وقت کئی لائق ہستیوں کو محض لاعلمی، سیاسی یا علاقائی تعصب یا ذاتی رنجش کی بنا پر انعام سے محروم رکھا گیا، جس کی سب سے اہم مثال دنیا کے سب سے بڑے موجد امریکہ کے "تھامس ایلوا ایڈیسن" کی ہے، جن کی بدولت دنیا بلب کی صورت میں روشنی قید کرنے کے قابل ہوئی۔ ایڈیسن کا نوبیل انعام سے محروم رہنا نہ صرف ان کے بلکہ نوبیل انعام کے ساتھ بھی زیادتی گردانی جاتی ہے۔ ایڈیسن کے ہم عصر اور نہایت اہم موجد "نکولا ٹیسلا" جن کے قابل تعریف کارناموں میں برقیات اور خصوصاً ٹیلی مواصلات کی سہولیات کا فراہم کرنا شامل ہے بھی نوبیل کمیٹی کے معیار پر پورا اترنے سے قاصر رہے۔ اسی طرح چین سے تعلق رکھنے والے "چنگ یاچو" جنہوں نے دوران تعلیم 1930ء میں الیکٹران کا غیر مادی ذرہ (Positrons) حاصل کرنے کا طریقہ واضح کیا تھا، انعام سے محروم رہے، جبکہ اس طریقے کی نقل کرنے والے امریکہ کے "کارل ڈیوڈ اینڈرسن" کو 1936ء کے طبیعات کے نوبیل پرائز سے نوازا گیا۔ اس تفریق کی وجہ چین میں کمیونسٹ حکومت کا ہونا قرار دی جاتی ہے۔

طبیعات کے شعبے کی ایک نابغہ روزگار شخصیت "البرٹ آئن سٹائن" کو صرف ایک مرتبہ 1921ء میں نوبیل پرائز ملا، جبکہ تمام دنیا کے ماہرین اس رائے پر متفق ہیں کہ آئن سٹائن کو ان خدمات پر کم از کم چار مرتبہ نوبیل پرائز ملنا چاہئے۔

2007ء کا نوبیل انعام برائے امن جو 10 دسمبر کو امریکہ کے 45 ویں سابق نائب صدر ایل گور کو Intergovernmental Panel on Climate Change(IPCC) کے ساتھ دیا جائے گا انتہائی شدت کے ساتھ تنقید کا نشانہ بنا ہوا ہے۔ ایل گور کی جانب سے ماحولیات کی بابت The Inconvenient Truth کے نام سے بنائی جانے والی فلم نے دو آسکر ایوارڈ برائے بہترین ڈاکومنٹری فلم اور بہترین اوریجنل گیت، حاصل کئے تھے۔ یہ فلم ایل گور کو نوبیل انعام برائے امن ملنے کی بنیادی وجہ بنی ہے۔ ناقدین کا کہنا ہے کہ اس فلم میں حقائق کے بجائے جذبات سے کام لیا گیا ہے۔ جمہوریہ چیک کے صدر "واکلیو کلیوز" نے ایل گور کو امن انعام ملنے پر "حیرت انگیز" کہتے ہوئے اسے الفریڈ نوبیل کی وصیت کے منافی قرار دیا ہے۔ کیونکہ وہ ہزاروں افراد جو اجتماعی اور انفرادی سطح پر غربت، جنگ، بیماریوں، آمریت اور ایٹمی ہتھیاروں کے خلاف کام کر رہے ہیں وہ امن انعام کے زیادہ مستحق

(باقی صفحہ 6 پر)

ماخوذ

برقی ڈاک کا پہلا پیغام

معاصر تاریخ میں تین یا چار مرتبہ ایسے مواقع آئے ہیں جب ایسی ٹیکنالوجی متعارف کرائی گئی جس نے انسانوں کے مابین مواصلات کے طریقہ کار میں بنیادی نوعیت کی تبدیلیاں کیں اور انسانی معاشروں کو نئی جہات سے روشناس کیا۔ یہ ناقابل فراموش واقعات انسانی تاریخ میں واضح طور پر رقم ہیں۔

مواصلات کی تاریخ میں ہمیں جو پہلا نام ملتا ہے وہ سموئیل بی مورس کا ہے جس نے 24 مئی 1844ء میں پہلا ٹیلی گرام ڈیلور کیا۔ مورس جانتا تھا کہ وہ تاریخ رقم کر رہا ہے۔

اس کے بعد ٹیلی فون کا دور آیا۔ الیگزینڈر گراہم بیل وہ پہلا شخص تھا جس نے 10 مارچ 1876ء کے دن اپنے اسسٹنٹ کو ٹیلی فون پر ان الفاظ میں پکارا "Mr. Watson, come here; I want you" یہ الفاظ اور انہیں بولنے والا دونوں ہی مواصلات کی تاریخ میں منفرد مقام رکھتے ہیں۔

تیسرے مرحلے پر گگلیمو مارکونی دکھائی دیتا ہے جس نے 1895ء میں پہلی مرتبہ وائرلیس ٹرانسمیشن کا ڈول ڈالا۔ 1909ء میں اسے طبیعات کے نوبیل پرائز سے نوازا گیا۔ تیس سال بعد انگلینڈ اور ساؤتھ افریقہ کے مابین وائرلیس سروسز کا افتتاح ہوا۔ مارکونیگرام کے ذریعے ساؤتھ افریقہ کے کمشنر سرایڈگروالٹن نے 1924ء میں ساؤتھ افریقہ کے وزیراعظم جنرل جے بی ایم برٹزوگ کو جو پیغام بھیجا اس کے الفاظ تھے:

"We speak across time and space... May the new power promote peace between all nations."

یہ 1971ء کے اواخر کی بات ہے جب رے ٹوملنسن نامی کمپیوٹر انجینئر نے پہلا ای میل بھیجا۔ اپنی یادداشتیں بیان کرتے ہوئے اب وہ کہتا ہے کہ ”میں نے خود اپنے آپ کو ایک مشین سے دوسری مشین پر کئی پیغامات بھیجے، ان پیغامات کا متن ایسا تھا جسے یاد نہیں رکھا جا سکتا تھا تاہم میرا خیال ہے کہ میں نے جو پہلا پیغام بھیجا وہ QWERTYIOP تھا یا اس سے ملتا جلتا کوئی پیغام تھا“۔

ایسا لگتا ہے کہ QWERTYIOP کے حروف پر مشتمل پیغام مشکل ہی سے تاریخ کی کتابوں میں جگہ پا سکے گا اور اس کے نتیجے میں ٹوملنسن کا نام لوگوں کے ذہنوں سے محو ہو جائے گا لیکن اسے یاد رکھنے کے لئے یہی کافی ہے کہ اس نے الیکٹرونک ایڈریسز میں لوکیٹر کی علامت کا استعمال کیا اور ایک طرح سے اس کا نام ای میل کے موجد کے طور پر لیا جا سکتا ہے۔

ٹوملنسن Bolt Beranek and Newman (BBN) میں کام کرتا تھا۔ 1968ء میں آرپانیٹ کی تعمیر کے لئے امریکی ڈیفنس ڈیپارٹمنٹ نے اس ادارے کی خدمات حاصل کیں۔ 1971ء میں SNDMSG کے نام سے ایک الیکٹرونک میسج پروگرام پر کام کیا جس کے ذریعے ڈیجیٹل PDP-10s -- آرپانیٹ کے اولین کمپیوٹر-- پر کام کرنے والے پروگرامر اور محقق ایک دوسرے کے لئے پیغامات چھوڑا کرتے تھے۔ لیکن یہ بھی حقیقتاً ای میل نہ تھی۔ پہلے سے موجود بہت سے الیکٹرونک میسج پروگراموں کی طرح، جن کی تاریخ 1960ء کی دہائی سے شروع ہوتی ہے، SNDMSG بھی صرف مقامی سطح پر کام کرتا تھا۔ یہ اس طرح ڈیزائن کیا گیا تھا کہ ایک ہی مشین استعمال کرنے والے لوگ ایک دوسرے کے ساتھ پیغامات کا تبادلہ کر سکتے تھے۔ یہ لوگ ایک ٹیکسٹ فائل تیار کرتے تھے اور اسے متعلقہ شخص کے ”میل باکس“ میں ڈیلور کر دیا کرتے تھے۔

”میل باکس محض ایک فائل تھی جس کے لئے ایک مخصوص نام استعمال ہوتا تھا“ ٹوملنسن نے مزید لکھا، ”اس کی واحد خصوصیت یہ تھی کہ میل باکس کے اختتام پر یوزر اور مواد لکھ سکتے تھے لیکن جو کچھ پہلے سے موجود ہوتا تھا وہ اس پر اوور رائٹ نہیں کر سکتے تھے“۔

جب ٹوملنسن SNDMSG پر کام کر رہا تھا تو ساتھ ہی وہ تجرباتی فائل ٹرانسفر پروٹوکول پر بھی کام کرتا رہا جس کا نام CYPNET تھا تاکہ آرپانیٹ کے اندر ایک دوسرے سے دور لیکن باہمی طور پر منسلک کمپیوٹروں کے مابین فائلیں ٹرانسفر کی جا سکیں۔ اس وقت آرپانیٹ 15 نوڈز پر مشتمل تھا جو مختلف مقامات جیسے کیلی فورنیا، سالٹ لیک سٹی اور میسا چیوسٹس پر موجود تھیں۔ ٹوملنسن کے مطابق اس کا تصور یہ تھا کہ CYPNET مواد کو میل باکس فائل تک اسی طرح لے جا سکے جس طرح SNDMSG میں ہوتا ہے۔

جس طریقے سے CYPNET کو اصل میں لکھا گیا اس میں وہ فائل کو بھیج اور وصول کر سکتا تھا لیکن ایک فائل اپینڈ کرنے کے لئے اس میں سہولت موجود نہ تھی لہٰذا اس نے CYPNET کو اس طرح سیٹ کیا کہ وہ آرپانیٹ میں فاصلے پر موجود مشین کے میل باکس میں پیغامات ڈیلور کرنے کے لئے SNDMSG کو استعمال کر سکے۔

ٹوملنسن نے اس کے بعد جو کچھ کیا اگر اس تصور کی افادیت کو اس نے مکمل طور پر جان لیا ہوتا تو مواصلات کی تاریخ میں اس کا نام اہم مقام پر فائز ہو جاتا۔ سب سے پہلے اس نے لوکل مشینوں میں میل باکسز کے ایڈریسز اور وہ پیغامات جو نیٹ ورک پر بھیجے جاتے تھے کے مابین امتیاز کے لئے @ کا نشان منتخب کیا۔ اس کا کہنا ہے ”@ کے استعمال کی وجہ سمجھ میں آتی ہے، میں نے @ کو اس چیز کی نشاندہی کرنے کے لئے استعمال کیا کہ یوزر لوکل کی بجائے کسی دوسرے ہوسٹ پر موجود ہے“۔

اس کے بعد اس نے پہلا ای میل پیغام بھیجا۔ BBN کے ہاں دو PDP-10 کمپیوٹر تھے جو تاروں کے ذریعے آرپانیٹ سے منسلک تھے۔ پہلا پیغام دو مشینوں کے مابین بھیجا گیا جو پہلو بہ پہلو رکھی ہوئی تھیں تاہم ان کے مابین پایا جانے والا طبعی رابطہ آرپانیٹ کے ذریعے جوڑا گیا تھا۔ نیٹ ورک سے ہوتے ہوئے کیمبرج کے ایک ہی کمرے میں رکھے ہوئے ایک کمپیوٹر سے دوسرے کمپیوٹر میں جو پیغام بھیجا گیا وہ QWERTYIOP یا اس سے ملتے جلتے حروف پر مشتمل تھا۔

جب ٹوملنسن نیٹ ورک پر SNDMSG کے کام سے مطمئن ہو گیا تو اس نے اپنے ساتھیوں کو نئے فیچر کی اطلاع دینے کے لئے پیغامات بھیجے۔ ان پیغامات کے ساتھ یہ ہدایات تھیں کہ استعمال کنندہ ”یوزر لوگن نیم“ اور اپنے ہوسٹ کمپیوٹر کے درمیان @ کا نشان استعمال کرے۔ ٹوملنسن کے مطابق ”نیٹ ورک میل کا پہلا استعمال اس طرح ہوا کہ اس (نیٹ ورک) نے اپنی ہی موجودگی کا اعلان کیا“۔

ٹوملنسن کا نیا پروگرام پہلی کمیونیکیشن ایپلی کیشن کے طور پر استعمال ہونے لگا۔ دو سال کے بعد لگائے جانے والے حساب کتاب سے جو اعداد و شمار سامنے آئے ان کے مطابق آرپانیٹ پر 75 فیصد ٹریفک ای میل کی تھی۔ لیکن آرپانیٹ کے بلڈرز اور ڈیزائنرز کو یہ طے کرنے میں پانچ سال لگ گئے کہ نئے کمپیوٹر نیٹ ورکس میں بہت سے طریقوں میں سے ای میل کا طریقہ ہی مناسب طور پر کام کرنے کی اہلیت رکھتا ہے۔

میسج سروس کا ایک غیر متوقع اور ایسا پہلو جس کے لئے منصوبہ بندی نہیں کی گئی تھی اس کی پیدائش اور ابتدائی نشوونما تھی۔ 1976ء میں لکھی گئی آرپا کی رپورٹ کے مطابق یہ سب کچھ ایسے ہی ہو گیا اور اس کی ابتدائی تاریخ سے یہ ایک نئی ٹیکنالوجی کی بجائے فطری مظہر زیادہ نظر آتا ہے۔ اس کی تیزی سے مقبولیت کے پیچھے یہ وجہ کارفرما تھی کہ آرپانیٹ تعمیر کرنے والے انجینئروں کی مواصلات ضروریات پوری کرنے کے لئے یہ مکمل طور پر مناسب طریقہ فراہم کرتی تھی۔

1978ء میں انسٹیٹیوٹ آف الیکٹریکل اینڈ الیکٹرونک انجینئرز کی طرف سے شائع ہونے والی ایک دستاویز میں ای میل کی مقبولیت کی وضاحت اس طرح کی گئی ہے۔ ”میسج سسٹم کو خطوط کے طریقہ پر جو فوقیت حاصل ہے وہ یہ ہے کہ یہ پیغامات مختصر ہوتے تھے اور ان میں زبان و بیان کے اصولوں کی بھی زیادہ ضرورت محسوس نہیں کی گئی حتیٰ کہ ایک اعلیٰ عہدے پر فائز سینئر فرد بھی کسی جونیئر سے ملنے والے پیغام کے متن اور زبان و بیان کی خرابیوں کا برا نہیں مناتا تھا۔ اس نئے نظام کو ٹیلی فون سسٹم پر یہ فوقیت حاصل تھی کہ تمہیدی گفتگو کے بغیر براہ راست اپنے مقصد کی بات کی جا سکتی تھی اور پیغام وصول کرنے والے کے لئے ضروری نہیں ہوتا تھا کہ وہ پیغام ملتے وقت طبعی طور پر وہاں موجود ہو۔ اس طرح پیغام بھیجنے والے اور وصول کرنے والے کی بیک وقت موجودگی کی ضرورت کا خاتمہ ہو گیا۔

(بقیہ صفحہ 5)

ہیں۔ ایل گور اور IPCC کو اس لئے بھی تنقید کا نشانہ بنایا جا رہا ہے کیونکہ ایل گور کی جانب سے ماحولیاتی حوالے سے کیا جانے والا کام حکومتی تعاون سے کیا جاتا ہے۔ دوسری طرف IPCC جو 1998ء میں جنیوا، سوئٹزرلینڈ میں قائم کیا جانے والا ادارہ ہے۔ اقوام متحدہ کے کنونشن برائے کلائمنٹ چینج (UNFCCC) کے تحت کام کرتا ہے جس کے مقاصد میں نہ تو ریسرچ شامل ہے اور نہ ہی ماحولیات پر نظر رکھنے کا کام اس کے فرائض کا حصہ ہے بلکہ IPCC کا کام صرف اس حوالے سے مرتب کی جانے والی رپورٹوں کی اشاعت ہے۔ اسی طرح ایل گور کو بطور نائب صدر امریکہ کبھی بھی امن کے حوالے سے منسوب نہیں کیا گیا بلکہ اس دوران ایل گور اور بل کلنٹن نے امریکہ کو ہتھیاروں سے لیس کیا اور نہ صرف ”نیو ورلڈ آرڈر“ کی صورت میں تیسری عالمی جنگ چھیڑنے کی کوشش کی بلکہ سربیا، کوسوو، افغانستان اور سوڈان کے نہتے شہریوں پر بم برسائے۔

(سنڈے ایکسپریس 28/اکتوبر 2007ء)

نوجوان عدل قائم کریں

مردوں کے حقوق سے متعلق حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں:۔

”مرد کے حقوق کو جو اللہ تعالیٰ نے بیان فرمایا ہے کہ الرجال قوامون علی النساء۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ مرد کو گھریلو معاملات میں ویٹو پاور کا درجہ حاصل ہے۔ جب میاں بیوی میں اختلاف کی صورت پیدا ہو جائے تو اس وقت مرد کا فیصلہ ناطق ہوگا۔ لیکن جب اختلاف بڑھ جائے اور مرد ویٹو پاور کا ناجائز استعمال کرے تو عورت کو عدالت کی رو سے اپنے حقوق لینے کی اجازت ہے۔ پس میں مردوں خصوصاً نوجوانوں کو توجہ دلاتا ہوں کہ وہ عدل قائم کریں اور...... کے رستے میں دیوار حائل نہ کریں“۔

(الازھار لذوات الخمار حصہ اول ص 440)

(مرسلہ: مرکزی اصلاحی کمیٹی)

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 75574 میں حرا پروین

بنت رانا محمد خاں قوم راجپوت پیشہ طالب علم عمر 20 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن باب الابواب غربی ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 10-10-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی ٹاپس مالیتی اندازاً-/1000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/100 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ حرا پروین۔ گواہ شد نمبر 1 ممتاز احمد بھٹی وصیت نمبر 22821۔ گواہ شد نمبر 2 رانا محمد خاں والد موصیہ

مسل نمبر 75575 میں فرحان احمد

ولد محمد فرقان خان قوم رند بلوچ پیشہ طالب علم عمر 15 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالعلوم غربی خلیل ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 1-10-07 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ فرحان احمد۔ گواہ شد نمبر 1 سید فرخ احمد وصیت نمبر 52416۔ گواہ شد نمبر 2 حافظ کرامت اللہ ظفر وصیت نمبر 30898

مسل نمبر 75576 میں سید امتیاز احمد

ولد سید حبیب علی شاہ قوم سید سادات پیشہ طالب علم عمر 15 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن فیکٹری ایریا سلام ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 17-10-07 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/250 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ سید امتیاز احمد۔ گواہ شد نمبر 1 سید عطاء العلیم ولد سید حبیب علی شاہ۔ گواہ شد نمبر 2 ریاض احمد بجہ ولد عبداللہ خاں (مرحوم)

مسل نمبر 75577 میں صغریٰ مظفر

زوجہ مظفر احمد قوم ...... پیشہ خانہ داری عمر 29 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالعلوم شرقی نور ''ب'' ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 18-10-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی زیور 1 تولہ مالیتی -/15000 روپے (2) حق مہر-/40000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ صغریٰ مظفر۔ گواہ شد نمبر 1 مبشر احمد مظفر مربی سلسلہ وصیت نمبر 26340 گواہ شد نمبر 2 منظور احمد وصیت نمبر 33925

مسل نمبر 75578 میں محمد ظفر اللہ چیمہ

ولد محمد عبداللہ چیمہ قوم جٹ چیمہ پیشہ ملازمت عمر 56 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالرحمت غربی ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 01-12-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) پلاٹ برقبہ ایک کنال واقع مبارک کالونی مالیتی-/1400000 روپے (2) پلاٹ برقبہ 10 مرلہ واقع نصرت آباد مالیتی-/600000 روپے اس وقت مجھے مبلغ-/20000 روپے ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ محمد ظفر اللہ چیمہ۔ گواہ شد نمبر 1 محمد قدرت اللہ محمود چیمہ وصیت نمبر 26649۔ گواہ شد نمبر 2 محمد اسد اللہ ولد محمد ظفر اللہ چیمہ

مسل نمبر 75579 میں عفیفہ اسلم باجوہ

